پریس ریلیز

وزیراعلیٰ مریم نواز کا ائیر ایمبولنس کے اجراء کا فیصلہ قابل ستائش ہے: پروفیسر الفرید ظفر

زخمیوں کو ہسپتال تک پہنچانا بڑا چیلنج، سینکڑوں قیمتی جانیں بچائی جا سکیں گی: پرنسپل ایل جی ایچ

یہ اقدام موجودہ عہد کا تقاضا، غریب اور وسائل سے محروم لوگوں کو بھی یہ سروس ملی گی: گفتگو

لاہور 28 فروری:…… پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج ولاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی جانب سے صوبے میں پہلی مرتبہ ائیر ایمبولنس سروس شروع کرنے کا فیصلہ نہائیت قابل تعریف اور وقت کی ضرورت کے عین مطابق ہے جس کا طویل عرصہ سے انتظار تھا۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں پر ٹریفک کے بڑھتے ہوئے رش کی وجہ سے آئے روز ٹریفک جام اور موٹرویز و صنعتی یونٹوں پر ہونے والے حادثات سے زخمیوں کو بر وقت ہسپتال تک پہنچانا ایک بہت بڑا چیلنج تھا جس کی وجہ سے بہت سی قیمتی جانیں محض بر وقت طبی امداد نہ ملنے کے باعث ضائع ہو جاتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ائیر ایمبولنس سروس کے اجراء سے بہت بڑا مسئلہ حل ہو جائے گا اور شاہرات کے ساتھ ساتھ انڈسٹریز میں بھی ہونے والے حادثات کے زخمیوں کو بر وقت ہسپتالوں تک ائیر لفٹ کرنا ممکن ہو گا جس سے سینکڑوں قیمتی جانیں بچائی جا سکیں گی جس کی بدولت عوام کی ڈھیروں دعائیں براہ راست وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور سرکاری حکام کے حصے میں آئیں گی۔

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ پاکستان مختلف شعبوں میں پہلے ہی ترقی یافتہ مما لک کے برابر آ چکا ہے اور اس ائیر ایمبولنس سروس کے آغاز سے ہم اس میڈیکل کے شعبے میں بھی اُس جدت کو چھو لیں گے جس کو یورپ اور امریکہ میں پہلے ہی رائج کیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محترمہ مریم نواز کا نام سنہری حروف میں لکھا جائے گا کیونکہ بطور وزیر اعلیٰ پنجاب انہوں نے جس ویژن کا مظاہرہ کیا ہے وہ کسی اور کے حصے میں نہیں آئی ۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ اس اقدام موجودہ عہد کا تقاضا تھا، اس سے غریب اور وسائل سے محروم لوگوں کو بھی یہ سروس ملے گی اور وہ اپنے آپ کو مراعات یافتہ محسوس کریں گے۔

☆☆☆☆